● **تصوف اور کارکنان تحریکات اسلامی**　　مصنف: ڈاکٹر جاوید اکبر انصاری　　مرتب: محمد احمد حافظ

ضخامت: ۳۲ صفحات　　ملنے کا پتا: الغزالی پبلی کیشنز، 41 سی بلاک۔ 17 فیڈرل بی ایریا کراچی

تصوف اسلامی افکار میں ایک خاص قسم کے نظریۂ حیات کا نام ہے۔ ہر ایک نظریے کی طرح تصوف بھی تعبیرات کے تنوع کے فطری عمل سے گزرا ہے۔ ان مختلف النوع تعبیرات میں غلط بھی ہیں اور صحیح بھی۔ پھر لوگوں کا رویہ ان مختلف تعبیرات کے حوالے سے بہت عجیب وغریب ہے۔ بعض لوگ تصوف کی غلط تعبیر اور مسخ شدہ صورت کو اپنا دین اور مذہب قرار دیتے ہیں اور بعض صحیح تعبیر اور نکھری ہوئی صورت کو بھی کفر اور شرک سے کم درجے کی گمراہی ماننے کے لیے تیار نہیں۔

فاضل مرتب کا یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ:

''بحیثیت مجموعی ہمارا طرزِ عمل تصوف کے ساتھ معاندانہ ہے۔ خصوصاً وہ لوگ جو تحریکات اسلامی کے کارکن ہیں ان کی دعوت کا اسلوب اور ان کے لٹریچر کا طرز نگارش مادیت زدہ ہے۔ ظاہر ہے کہ اسلامی تحریکات کے کارکنوں کا یہ طرز، اسلوب اور رویہ ایک کمی اور وصولِ منزل کی کوششوں میں ایک رکاوٹ ہے۔''

جناب ڈاکٹر جاوید اکبر انصاری ایک درددل رکھنے والے مسلمان ہیں جو اسلامی تحریکات کو کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں۔ چونکہ انھیں اس کمی کا ادراک ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ وہ کارکنان تحریکات اسلامی کو اس کا شعور دلا سکتے ہیں۔ اس لیے انھوں نے خاص طور پر کارکنان تحریکات اسلامی کو مخاطب کر کے اس کتابچے کو تحریر فرمایا ہے

اندازِ بیان مفکرانہ اور اسلوب فلسفے کی اصطلاحات سے متأثر ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ اپنی بات کو ثابت کرنے کے لیے معاشرے کے عمومی مزاج کے لیے معتبر مغربی مفکرین کے حوالوں سے مدد لی جائے۔ مجموعی طور پر کتابچہ مفید اور قابلِ مطالعہ ہے۔ (تبصرہ: صبیح ہمدانی)

● **جریدہ: ماہنامہ ''مسیحائی'' کراچی (سالارِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نمبر)**　　مدیرِ اعلیٰ: احمد خیر الدین انصاری

ناشر: مطبع قریشی آرٹ پریس، ناظم آباد نمبر 2 کراچی　　قیمت: 350 روپے

رسولِ اکرم کی ہسٹری کو پڑھو تو اوّل سے تا بہ آخر
وہ آپ ثابت کرے گی اپنا عظیم ہونا عجیب ہونا

ہادیٔ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر ہزاروں کتابیں اب تک شائع ہوچکی ہیں مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ ختم نہیں ہوگا یہ قیامت تک جاری رہے گا کہ آپ باعثِ تکوینِ کائنات ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے ہر پہلو سے نور پھوٹتا ہے۔ مبارک کے مستحق ہیں احمد خیر الدین انصاری جنھوں نے ماہنامہ ''مسیحائی'' کا ''سالارِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نمبر'' شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ 576 صفحات کے اس خصوصی نمبر میں حمد ونعت کے ساتھ ساتھ، ملکی وغیر ملکی ادیبوں اور مذہبی سکالرز کے وقیع مضامین شامل کیے گئے ہیں۔ جن میں مولانا ابوالکلام آزاد، پیر مہر علی شاہ، مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری، مولانا عبدالماجد دریا بادی، ڈاکٹر حمید اللہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ یہ نمبر کتابی شکل میں خوبصورت جلد کے ساتھ مزین ہے۔ امید ہے کہ ادارے کی یہ کاوش قبولِ عام کا درجہ حاصل کرے گی۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)